★ اپنے —حقوق کو— جانیں ★

اگر آپ کو پولیس کے ذریعہ روکا جاتا ہے

- آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ خاموش رہنا چاہتے ہیں تو، آفیسر کو بتادیں۔ (کچھ ریاستیں ایسی صورت میں آپ سے پولیس کو اپنی شناخت بتانے کو کہتی ہیں اگر آپ پر کسی جرم کا شبہ ہے۔)
- پرسکون رہیں۔ بھاگیں نہیں۔ پولیس سے تکرار، مزاحمت، یا ان کے کام میں رکاوٹ نہ ڈالیں اپنے ہاتھ وہاں رکھیں جہاں پولیس انہیں دیکھ سکے۔
- پوچھ لیں کہ کیا آپ جاسکتے ہیں۔ اگر ہاں تو، سکون اور خاموشی سے چلے جائیں۔
- آپ کو اپنی اور اپنے سامان کی تلاشی دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ کو آپ کی کار میں روکا جاتا ہے

- کار کو جتنی جلدی ممکن ہو محفوظ جگہ پر کھڑی کردیں۔ کار کو بند کردیں، اندر کی بتی جلادیں، کھڑکی کا کچھ حصہ کھول دیں اور اپنے ہاتھوں کو اسٹیئرنگ پر رکھیں۔
- طلب کرنے پر پولیس کو اپنا ڈرائیور لائسنس، رجسٹریشن، اور انشورنس کے کاغذات دکھائیں۔
- اگر کوئی آفیسر یا امیگریشن ایجنٹ آپ کی گاڑی کی تلاشی لینے کی بات کہے تو آپ انکار کرسکتے ہیں۔ لیکن اگر پولیس کو یقین ہو کہ آپ کی کار میں کسی جرم کا ثبوت ہے تو، وہ آپ کی اجازت کے بغیر اس کی تلاشی لے سکتے ہیں۔
- ڈرائیور اور پسنجر دونوں کو بدستور خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ پسنجر ہیں تو، آپ بھی پوچھ سکتے ہیں کہ کیا آپ جانے کے لیے آزاد ہیں۔ اگر ہاں تو، خاموشی سے چلے جائیں۔

اگر آپ سے آپ کی امیگریشن کی صورتحال کے بارے میں پوچھا جاتا ہے

- آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے۔ آپ کو اس بارے میں سوالات کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کی پیدائش کہاں ہوئی، کیا آپ امریکی شہری ہیں، یا آپ اس ملک میں کیسے داخل ہوئے۔ (بین الاقوامی سرحدوں اور ایئرپورٹس پر، اور بعض نان امیگرینٹ ویزوں، بشمول اور سیاح اور کاروباری دورے والوں کے لیے علاحدہ ضابطوں کا اطلاق ہو تا ہے۔)
- اگر آپ امریکی شہری نہیں ہیں اور آپ کے پاس امیگریشن کے درست کاغذات ہیں تو، امیگریشن ایجنٹ کے طلب کرنے پر آپ کو اسے دکھانا چاہیے۔
- اپنی شہریت کی صورتحال کے بارے میں جھوٹ نہ بولیں یا جعلی دستاویزات نہ دیں۔

اگر پولیس یا امیگریشن ایجنٹ آپ کے گھر پر آتے ہیں

- آپ کو اس وقت تک انہیں اندر آنے کی اجازت دینے ضرورت نہیں ہے جب تک ان کے پاس جج کے دستخطوں کے ساتھ وارنٹ نہ ہو۔
- ان سے وارنٹ دکھانے کو کہیں۔ آفیسرز صرف وارنٹ پر درج جگہوں اور چیزوں کی تلاشی لے سکتے ہیں۔ وارنٹ گرفتاری پولیس کو وارنٹ پر درج شخص کے گھر میں داخل ہونے کی اجازت دیتا ہے اگر انہیں یقین ہو کہ وہ اندر ہے۔ خارج کرنے/ ملک بدر کرنے کا وارنٹ (آئی سی ای وارنٹ) اجازت کے بغیر افسران کو گھر میں گھسنے کی اجازت نہیں دیتا۔
- افسران کے پاس وارنٹ ہونے کے باوجود، آپ خاموش رہ سکتے ہیں۔ اگر آپ بات کرنے کا فیصلہ کریں تو، باہر نکل آئیں اور دروازہ بند کردیں۔

اگر آپ کو پولیس کے ذریعہ گرفتار کیا جاتا ہے

- مزاحمت نہ کریں۔
- بتادیں کہ آپ خاموش رہنا چاہتے ہیں اور وکیل طلب کریں۔ اگر آپ وکیل کا خرچ برداشت نہیں کرسکتے تو، حکومت کے لیے اسے فراہم کرنا ضروری ہے۔
- کچھ نہ کہیں، کسی چیز پر دستخط نہ کریں، یا وکیل کے بغیر کوئی فیصلہ نہ کریں۔
- آپ کو مقامی فون کال کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ وکیل کو کال کررہے ہیں تو پولیس اسے نہیں سن سکتی۔
- اپنے وکیل کے علاوہ کسی سے اپنی امیگریشن کی صورتحال پر گفتگو نہ کریں۔
- امیگریشن آفیسر آپ سے جیل میں ملاقات کرسکتا ہے۔ وکیل سے بات کرنے سے قبل کسی سوال کا جواب نہ دیں یا کسی چیز پر دستخط نہ کریں۔
- تمام کاغذات کو پوری طرح پڑھیں۔ اگر آپ کو سمجھ میں نہ آئے یا آپ کاغذات کو نہ پڑھ سکیں تو، کہیں کہ آپ کو مترجم کی ضرورت ہے۔

اگر آپ کو امیگریشن (یا *"ICE"*) کی حراست میں لیا جاتا ہے

- آپ کو وکیل رکھنے کا حق ہے، لیکن سرکار وکیل فراہم نہیں کرے گی۔ اگر آپ کے پاس وکیل نہیں ہے تو، مفت یا رعایتی قانونی خدمات کی فہرست طلب کریں۔
- آپ کو اپنے قونصلیٹ سے رابطہ کرنے یا کسی آفیسر کے ذریعہ قونصلیٹ کو اپنی گرفتاری کی اطلاع کروانے کا حق ہے۔
- امیگریشن آفیسر کو بتائیں کہ آپ بدستور خاموش رہنا چاہتے ہیں۔ اپنے وکیل کے علاوہ کسی سے اپنی امیگریشن کی صورتحال پر گفتگو نہ کریں۔
- وکیل سے بات کیے بغیر کسی چیز پر دستخط نہ کریں، جیسے کہ رضاکارانہ روانگی یا مشروط منتقلی۔ اگر آپ دستخط کرتے ہیں تو ممکن ہے آپ امریکہ میں رہنے کی کوشش کرنے کا اپنا موقع کھو دیں۔
- اپنا امیگریشن نمبر ("A" نمبر) یاد رکھیں اور اسے اپنے خاندان کو دیں۔ اس سے انہیں آپ کا پتہ لگانے میں مدد ملے گی۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے

- آپ کو جو کچھ بھی یاد ہے اسے لکھ لیں، جس میں افسران کا بیج اور پٹرول کار نمبرز، افسران کس ایجنسی کے تھے، اور کوئی دیگر تفصیلات بھی شامل ہیں۔ گواہوں سے رابطے کی معلومات حاصل کریں۔ اگر آپ کو چوٹ پہنچی ہو تو، فوراً طبی توجہ حاصل کریں اور اپنی چوٹوں کی تصویریں لے لیں۔
- ایجنسی کے داخلی امور کے شعبے یا سویلین کمپلینٹ بورڈ میں ایک تحریری شکایت درج کروائیں۔ زیادہ تر معاملات میں، اگر آپ چاہیں تو گمنام شکایت درج کرواسکتے ہیں۔

یہ معلومات قانونی مشورے کے بطور نہیں ہے۔ کچھ ریاستی قوانین مختلف ہوسکتے ہیں۔ چیک پوائنٹس اور یو ایس میں داخل ہوتے وقت (بشمول ایئر پورٹس پر) الگ الگ ضابطوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

تازہ کردہ دس مبر، 2016۔

مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی *ACLU* کو کال کریں۔
www.ACLU.org/affiliates

ACLU